© rasailojaraid.com



# مطبوعات

**فقہائے ہند**
**جلد اوّل**

مؤلف: مولانا محمد اسحاق بھٹی

ناشر: ادارہ ثقافتِ اسلامیہ۔ لاہور

سفید کاغذ۔ سائز ۲۳ × ۳۶/۱۶

صفحات: ۳۳۲ قیمت مجلد: ۱۳/۷۵ روپے

اس کتاب میں جیسا کہ اس کے نام سے ظاہر ہے ہندوستان کے فقہا و علمائے اسلام کا تذکرہ ہے۔ محترم مؤلف نے زیرِ نظر تالیف کی جلد اول میں پہلی صدی ہجری سے آٹھویں صدی ہجری تک کے فقہائے اسلام کے مختصر سوانح بیان کیے ہیں۔ فاضل مصنف نے بیشتر فقہائے کرام کے متعلق محض تعارف پیش کرنے پر اکتفا کیا ہے البتہ بعض معروف بزرگوں کے حالات مفصل مل سکے ہیں ان کے نام و نسب اور تحصیل علم کے علاوہ ان کی دینی خدمات پر اچھی خاصی روشنی ڈالی ہے۔

شروع میں ابتدائیہ کے عنوان سے ایک بیش قیمت علمی و تحقیقی مقالہ درج ہے، جس میں بتایا گیا ہے کہ عہدِ خلافتِ راشدہ میں ہی بعض جنگی مہمات کے ضمن میں عساکرِ اسلام کے ہمراہ صحابہ و تابعین برصغیر ہند کی طرف تعلیم و تبلیغ کی غرض سے تشریف لائے اور بعد ازاں اموی خلافت کے دوران بھی یہ تبلیغی کام مسلمان خلفاء و امراء کی سرپرستی میں برابر آگے بڑھتا رہا۔ اس کے بعد ہند کے شمال مغرب سے مسلمان سلاطین برصغیر میں وارد ہونے لگے جن میں سرِ فہرست محمود غزنوی کا نامِ نامی ہے۔ یہ تمام مسلم ملوک و امراء اشاعتِ اسلام کے مبارک مشن کی تکمیل میں کوشاں رہے۔

ہماری رائے میں "فقہائے ہند" کی تالیف نہایت مستحسن کاوش ہے اور اس پر محترم مؤلف مبارکباد کے مستحق ہیں کہ پاکستانی نوجوانوں کو اس کتاب کے مطالعہ سے اپنے اسلاف کے کارناموں سے واقفیت بہم پہنچ سکے گی۔

© rasailojaraid.com